ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (277)

17-05-2022

بہاول پور() پولیس کی منشیات فروشوں،غیر قانونی اسلحہ کے خلاف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار،منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد، مقدمات درج۔قانون شکنی کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، انہیں گرفتار کر کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچا کر عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچایا جائے گا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس تھانہ سول لائنز، صدر بہاول پور اور اوچ شریف نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان اشرف ،ارسلان اور بلال خان کو گرفتار کرلیا۔جن کے قبضہ سے 200 گرام کرسٹل آئس اور 1510 گرام چرس برآمد کرلی۔ پولیس تھانہ اوچ شریف نے محبوب اور نادر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 58 لیٹر شراب برآمد کرلی جبکہ پولیس تھانہ سٹی حاصلپور اور صدر حاصلپور نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان شیزاد، محبوب اور شوکت کو گرفتار کرلیا، جن کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد ریپیٹر 12 بور برآمد کرلی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قانون شکنی کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، انہیں گرفتار کر کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچا کر عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچایا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: پولیس کی منشیات فروشوں اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں ،متعدد ملزمان گرفتار ،منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((278

17-05-2022

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی کھلی کچہری،28 شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے،انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے،کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا ہے،ڈی پی او عبادت نثار

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری،28 شہریوں نے شرکت کی۔کھلی کچہری میں آخری شہری تک سب کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو کارروائی اور درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم میں واپسی رپورٹ بھجوانے کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری میری اولین ترجیح ہے تا کہ دور دراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جا سکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ھدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیا جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے،عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی جانب سے اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا سلسلہ جاری۔